| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام | باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے عظیم پیغمبر ہیں۔ آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ مل کر خانہ ءکعبہ تعمیر کیا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۵۲ "حضرت ابراہیم علیہ السلام" کے پیراگراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام عراق کے شہر اُر میں پیدا ہوئے۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے "خلیل اللہ" یعنی اللہ کا دوست لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں آپ علیہ السلام کا لقب خلیل اللہ ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام بچپن ہی سے بتوں کی پوجا کے خلاف تھے۔ ایک مرتبہ آپ علیہ السلام نے بت خانے میں جا کر تمام بتوں کے ٹکڑے کر دیے اور آپ علیہ السلام کو بادشاہ نمرود کے سامنے پیش کیا گیا۔ اُس نے آپ علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کا حکم دیا۔ مگر اللہ کے حکم سے آگ ٹھنڈی اور سلامتی والی بن گئی اور گل و گلزار میں تبدیل ہو گئی۔ جس کی وجہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ سے محفوظ رہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں سے نوازا،

حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام۔ یہ دونوں بھی اللہ تعالیٰ کے نبی تھے۔

- طلبہ کو بتائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں متعدد بار آیا ہے اور آپ علیہ السلام کو "ابوالانبیاء" یعنی پیغمبروں کا باپ بھی کہا جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ترک کرنا | ترک۔ کرنا | چھوڑ دینا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوال (۳) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں ایک تقریری مقابلہ منعقد کروائیں اور بہترین تقریر کرنے پر انعام دینے کا اہتمام کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتاب تورات نازل کی۔ آپ علیہ السلام کا تعلق بنی اسرائیل علیہ السلام سے تھا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر میں پیدا ہوئے۔ مصر پر اُس وقت فرعون کی حکومت تھی۔ فرعون کو نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو اس کی بربادی کا سبب بنے گا اس لیے وہ بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے لڑکوں کو قتل کرا دیتا اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا۔ جب آپ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو آپ کی والدہ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ علیہ السلام کو ایک صندوق میں بند کر کے دریائے نیل میں بہا دیا۔ فرعون کی بیوی حضرت آسیہ علیہا السلام نے اس صندوق کو دریا میں تیرتے ہوئے دیکھا تو صندوق منگوا لیا۔ جب صنددق کھولا تو اس میں ایک بچہ دیکھ کر خوش ہوئیں۔ انھوں نے اس بچے کو اپنا بیٹا بنا کر پالنے کا فیصلہ کر لیا اس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش فرعون کے محل میں ہوئی۔
- اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کو بھی نبی بنا کر بھیجا اُنھوں نے بھی آپ علیہ السلام کے ساتھ مل کر اللہ تعالیٰ کے دین کی تبلیغ کی۔ آپ علیہ السلام کی دعوتِ تبلیغ پر فرعون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف ہو گیا اور آپ علیہ السلام کو قتل کرنے کے درپے ہو گیا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو اپنے پیروکاروں سمیت ہجرت کرنے کا حکم دیا تو فرعون اور اُس کے لشکر نے آپ علیہ السلام کا پیچھا کیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک سمندر کے کنارے پہنچے تو فرعون بھی وہاں پہنچ گیا اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو حکم دیا کہ اپنا عصا سمندر پر ماریں۔ عصا سمندر پر مارنے سے راستہ بن گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو لے کر سمندر میں سے سلامتی سے گزر گئے۔ فرعون بھی اپنے لشکر سمیت سمندر پر اُتر پڑا لیکن اللہ تعالیٰ کے حکم سے سمندر کا پانی مل گیا اور فرعون اور اُس کا لشکر غرق ہو گیا۔

- طلبہ کو بتائیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے "کلیم اللہ" کا لقب عطا کیا۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| درپے ہونا | در۔پے۔ہونا | پیچھا کرنا |
| غرق کرنا | غر۔ق۔کرنا | ڈبونا |
| لشکر | ل۔ش۔کر | فوج |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (۲) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اساتذہ کرام کی مدد سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کو کمرا جماعت میں بیان کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ♦ انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔
- ♦ انبیائے کرام علیہم السلام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں زبور اور انجیل کن انبیائے کرام علیہم السلام پر نازل ہوئیں۔ ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۵۳ تا ۵۴ کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت داؤد علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ نبی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو آسمانی کتاب زبورِ مقدس عطا فرمائی۔
- انھیں بتائیں آپ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نبوّت کے ساتھ بہت بڑی سلطنت کی بادشاہت بھی عطا کی۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی قوم کو نیک کام کرنے کی ہدایت دی اور بُرے کاموں سے روکا۔ آپ علیہ السلام کو یہ معجزہ بھی عطا کیا گیا کہ آپ علیہ السلام جب لوہے کو پکڑتے تو وہ موم کی طرح نرم ہو جاتا۔

- تختہ تحریر پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتاب انجیل نازل فرمائی۔ آپ علیہ السلام کی آمد سے پہلے بنی اسرائیل ہر قسم کی برائیوں میں مبتلا تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ پر، رسولوں پر، آخرت پر، فرشتوں پر اور آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کی دعوت دی۔

- انھیں بتائیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بہت سے معجزات عطا فرمائے تھے جن میں چار معجزات کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے:
  - اللہ تعالیٰ کے حکم سے مردوں کو زندہ کرنا۔
  - پیدائشی اندھوں کو بینائی عطا کرنا۔
  - آپ علیہ السلام مٹی سے پرندہ بنا کر اس میں پھونک مارتے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ ہو کر اُڑنے لگتا۔
  - آپ علیہ السلام یہ بتا دیتے تھے کہ کس نے کیا کھایا، کیا خرچ کیا اور کیا ذخیرہ کر کے گھر میں محفوظ رکھا۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ان تمام پیغمبروں کی بہت شان ہے اور ان کے واقعات میں ہمارے لیے نصیحت موجود ہے لیکن صرف حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کی پیروی کرنی ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے سب نبیوں اور رسولوں کے آخر میں بھیجا۔

آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ لہٰذا دنیا و آخرت میں کامیابی صرف حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اُسوہ پر عمل کرنے میں ہی ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معجزہ | مع۔ج۔زہ | کرشمہ یا کرامت دکھانا |
| زرہ | زِ۔رہ | لوہے کا بنا ہوا جالی کا کُرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۳) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

چند انبیائے کرام علیہم السلام کے نام اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔